


# استادِ پنجابؒ

## حافظ عبدالمنان صاحب محدث وزیرآبادیؒ کے

## سوانح حیات پر مشتمل جامع اور مستند کتاب



مرتبہ مولانا عبدالمجید سوہدروی

تزئین وترتیب محمد ادریس فاروقی

مسلم پبلیکیشنز
MUSLIM PUBLICATIONS

# اُستادِ پنجابؒ

حافظ عبدالمنانؒ صاحب محدثؒ وزیرآبادی کے
سوانح حیات پر مشتمل جامع اور مستند کتاب

مرتبہ مولانا عبدالمجیدؒ سوہدروی

تزئین و ترتیب محمد ادریس فاروقی



مسلم پبلیکیشنز
MUSLIM PUBLICATIONS

ناشر : مسلم پبلیکیشنز

مدیر : حکیم محمد ادریس فاروقی

ڈسٹری بیوٹر

دارالسلام
کتاب و سنت کی اشاعت کا عالمی ادارہ
ریاض • جدہ • شارجہ • لاہور
لندن • ہیوسٹن • نیو یارک

ہیڈ آفس : پوسٹ بکس: 22743 الریاض: 11416 سعودی عرب

فون : 4033962-4043432 (1 00966) فیکس: 4021659

ای میل: darussalam@naseej.com.sa بک شاپ فون و فیکس: 4614483

جدہ فون و فیکس : 6807752 الخبر فون : 8692900 فیکس: 8691551

شارجہ فون : 5632623 فیکس: 5632624 (009716)

پاکستان : ① 50 لوئر مال نزد ایم ۔ اے ۔ او کالج لاہور فون: 7232400 - 7240024 (42 0092)

فیکس: 7354072 ای میل: darussalampk@hotmail.com

② رحمان مارکیٹ، غزنی سٹریٹ، اردو بازار، لاہور فون: 7120054 فیکس: 7320703

لندن فون: 5202666 فیکس : 5217645 (208 0044)

ہیوسٹن فون: 7220419 فیکس: 7220431 (713 001) نیویارک فون: 6255925 (718 001)

Website: http://www.dar-us-salam.com

---

ایڈیشن : (01) طبع : 2002 تعداد : 1100

مطبع : احمد پرنٹنگ پریس، 50 لوئر مال - لاہور فون 7240024

رک گئے۔ آپ بھی پاس بیٹھے تھے فوراً بول اٹھے اور اس مسئلہ کو نہایت خوش اسلوبی سے حل فرما دیا ہے

تا مرد سخن نگفتہ باشد
عیب و ہنرش نہفتہ باشد

(مطلب یہ کہ آدمی جب تک بولتا نہیں اس کے عیب و ہنر کی خبر نہیں ہوتی۔ بولنے اور بات کرنے ہی سے اس کی عظمت کا اندازہ ہوتا ہے۔)

اب تو سب کی نظریں آپ پر اٹھنے لگیں اور مولانا ممدوح نے بھی آپ کی طرف توجہ مبذول فرمائی اور جب حقیقت حال معلوم ہوئی۔ اور آپ کی علمی حیثیت سے آگاہی پائی تو آپ کو اپنے ہمراہ وزیر ریاست جناب جمال الدین صاحب ملقب بہ مدار المہام کے پاس لے گئے اور پچیس روپیہ ماہوار وظیفہ مقرر کرا دیا۔ اور ایک خدمت گزار بھی آپ کی خدمت پر لگا دیا۔

آپ ہر روز مولانا عبدالجبار صاحب کے درس قرآن میں شامل ہوتے اور مولانا عبدالقیوم داماد مولانا محمد اسحاق صاحب محدث دہلوی اور مولانا محمد احسن صاحب کے درس حدیث سے بھی مستفید ہوتے۔ چنانچہ کتب حدیث ابوداؤد نسائی اور دارمی وغیرہ آپ نے وہیں پڑھیں۔ اور تھوڑے ہی دنوں میں اپنی خداداد لیاقت و ذہانت کے باعث استاد کی نظروں میں جچنے لگے اور سب ہمعصروں سے گوئے سبقت لے گئے۔

## نواب صدیق حسن خان رحمۃ اللہ علیہ سے ملاقات

اس اثناء میں آپ اس خط کے ذریعے سے جو مولانا عبدالحق نے آپ کو بمبئی سے لکھ کر دیا تھا۔ مولانا سید نواب صدیق حسن خاں صاحب قنوجی ثم الھو پالی سے بھی ملے۔ نواب صاحب نہایت خندہ پیشانی اور حسن سلوک سے پیش آئے اور دیر تک

آپ سے باتیں کرتے رہے۔ یہ وہی زمانہ تھا جب کہ نواب صاحب کا شاہجہان بیگم صاحبہ والی ریاست بھوپال سے نکاح ہوا تھا۔ نواب صاحب چونکہ اس ریاست کے ایک پرانے ملازم اور اپنا کام نہایت ہوشیاری و پاسداری' امانت و دیانت اور خیر سگالی سے بجا لانے کے علاوہ ایک باعلم' ذی فہم' دیندار اور بڑے مدبر تھے' اس لیے بیگم موصوف نے کرنیل طامس پولیٹیکل ایجنٹ اور جنرل میڈ کے مشورہ سے لارڈ میو گورنر جنرل ہند سے اجازت حاصل کرنے کے بعد نواب صاحب پر اعتماد کلی کر کے ریاست کے کام میں مدد لینے کے لیے آپ سے نکاح پڑھا لیا۔ اور یہ واقعہ آپ کے اعداء و حساد پر نہایت شاق اور اخوان و ارکان ریاست پر نہایت گراں اور ناگوار گزرا۔ جس کی وجہ سے آپ پر طرح طرح کی تہمتیں تراشی گئیں اور لوگوں کو آپ سے بدظن کرنے کے لیے قسم قسم کی کوششیں کی گئیں۔

نواب صاحب فطرۃً نہایت حلیم و سلیم اور رحیم و کریم واقع ہوئے تھے۔ اگر آپ کا کوئی دشمن بھی سامنے آ جاتا تو اس سے بھی باخلاق حسنہ و لینت کلام پیش آتے اور ہر حال میں امانت و دیانت اور عفاف و صدق کو اپنا شعار بنائے رکھتے۔ آپ رذائل و خصائل ذمیمہ کو سخت مکروہ اور صفات حمیدہ کو بہت محبوب جانتے تھے۔ غرضیکہ آپ ہر طرح سے متحلی بجمیع فضائل و متخلی عن الرذائل (۱) واقع ہوئے تھے۔ آپ نے عربی فارسی اور اردو میں بے شمار کتابیں تصنیف و تالیف فرمائیں اور علوم دینیہ کی ترقی و اشاعت کے لیے زر کثیر صرف کر کے مفت تقسیم فرمائیں۔ آپ کی غالب تالیفات نقول آثار سلف اور تراجم مؤلفات علماء راسخین ہیں۔ جو ایک زبان سے دوسری زبان میں ترجمہ یا نقل ہو کر آئے ہیں اور آپ نے ان سب میں موافقت کتاب و سنت کو ملحوظ رکھ کر قول راجح اور مذہب قوی کو بیان فرمایا ہے۔

---

(۱) یعنی جملہ فضائل و کمالات سے آراستہ اور ہر قسم کی کمینہ اور گھٹیا عادات سے مبرا۔ (فاروقی)